**نارویجن زبان کے ٹیسٹ، معاشرتی علوم کے ٹیسٹ اور/یا شہریت کے ٹیسٹ کی انجام دہی کے سلسلے میں پرائیویسی سٹیٹمنٹ**

# 1۔ نارویجن زبان کے ٹیسٹ، معاشرتی علوم کے ٹیسٹ اور/یا شہریت کے ٹیسٹ کی انجام دہی کے سلسلے میں ذاتی تفصیلات پر کارروائی

جب آپ نارویجن زبان کے ٹیسٹ، معاشرتی علوم کے ٹیسٹ اور/یا شہریت کے ٹیسٹ کے لیے اپنا نام لکھوائیں تو ہم آپ کی ذاتی تفصیلات پر کارروائی کرتے ہیں۔ لہذا نیچے یہ معلومات دی جا رہی ہیں کہ کونسی ذاتی تفصیلات پر کارروائی کی جاتی ہے، ہم ذاتی تفصیلات پر کارروائی کیوں کرتے ہیں اور ذاتی تفصیلات پر کارروائی کے سلسلے میں آپ کے حقوق کیا ہیں۔

اعلی' تعلیم اور قابلیت کی نارویجن ڈائریکٹوریٹ (Direktoratet for høyere utdanning og kompetanse, HK-dir) کارروائی کی ذمہ دار ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ HK-dir اس کے لیے ذمہ دار ہے کہ HK-dir میں آپ کی ذاتی تفصیلات پر کارروائی کیسے کی جاتی ہے۔

# 2۔ ہم آپ کی ذاتی تفصیلات پر کارروائی کیوں کرتے ہیں؟

جب ہمارے مقصد کے سلسلے میں ہمارے فرائض ادا کرنے کے لیے یہ ضروری ہو تو ہم آپ کی حسّاس تفصیلات سمیت دیگر ذاتی تفصیلات پر کارروائی کرتے ہیں۔ ہمارا مقصد ناروے میں آباد ہونے والے تارکین وطن کو علم اور لیاقت دلانا ہے تاکہ وہ ناروے کی معاشرتی زندگی میں شریک ہو سکیں نیز ہمارا مقصد نارویجن زبان کی اہلیت اور معاشرے کے متعلق علم کا ثبوت فراہم کرنے کے لیے ٹیسٹ انجام دینا ہے۔

ہم یہ کام GDPR (جنرل ڈاٹا پروٹیکشن ریگولیشن) کے آرٹیکل 6 نمبر 1 (e اور انٹیگریشن ایکٹ سیکشن 41 (1) b اور/یا c)، اور انٹیگریشن ریگولیشنز سیکشن 54 کے مطابق کرتے ہیں۔ حسّاس ذاتی تفصیلات پر کارروائی GDPR آرٹیکل 9 نمبر 2 حرف g) اور انٹیگریشن ایکٹ سیکشن 41 (1) b اور/یا c) کے تحت کی جاتی ہے۔ جب آپ کو ٹیسٹ دینا ہو تو قانون کے تحت آپ کے متعلق ان ذاتی تفصیلات پر کارروائی کرنا ہمارا حق اور فرض ہوتا ہے جو نیچے فہرست میں درج ہیں۔

ہم یہ کام انجام دینے کے لیے آپ کے متعلق ذاتی تفصیلات حاصل اور استعمال کرتے ہیں:

- نارویجن زبان کے ٹیسٹ، معاشرتی علوم کے ٹیسٹ اور/یا شہریت کے ٹیسٹ کا معیار یقینی بنانا اور انجام دہی
- ٹیسٹ لینے والے مراکز میں ٹیسٹوں کا انتظام
- ایسے فیصلوں پر آپ کے شکایت کے حق کا تحفظ جو شکایت کا حق دلاتے ہیں
- اعدادو شمار
- تحقیق اور تجزیہ

انٹیگریشن ایکٹ سیکشن 41 (1) c) اور انٹیگریشن ریگولیشنز سیکشن 64 کی بنیاد پر نارویجن زبان کے ٹیسٹ، معاشرتی علوم کے ٹیسٹ اور شہریت کے ٹیسٹ میں پڑھنے اور سننے کے ٹیسٹ کا نتیجہ آٹومیٹک مارکنگ کے ذریعے دیا جاتا ہے۔

ان تینوں ٹیسٹوں میں کئی دیے گئے جوابوں میں سے درست جواب چننا ہوتا ہے۔ یہ پہلے سے طے ہوتا ہے کہ ٹیسٹ پاس کرنے کے لیے کم از کم کتنے جواب درست ہونا ضروری ہے اور کونسے جواب درست ہیں، اور ٹیسٹنگ سسٹم میں یہ پروگرامنگ پہلے سے ہوتی ہے۔ امیدواروں کو پوائنٹس کی صورت میں نتیجہ ملتا ہے جس کی بنیاد صرف درست جوابوں کی تعداد پر ہوتی ہے یعنی ہر درست جواب پر ایک پوائنٹ ملتا ہے۔

نارویجن زبان کے تحریری اور زبانی ٹیسٹوں کے نتیجے کے لیے آٹومیٹک مارکنگ کو استعمال نہیں کیا جاتا کیونکہ ان ٹیسٹوں کی مارکنگ اصل ایگزامینر اور ممتحن کرتے ہیں۔

اعلی' تعلیم اور قابلیت کی ڈائریکٹوریٹ کا عملہ آٹومیٹک نتیجے کی چیکنگ کر سکتا ہے۔ اگر ایسا شک یا ایسے حالات موجود ہوں کہ شاید کوئی ٹیکنیکل خرابی یا کوئی اور خرابی ہوئی ہے تو ڈائریکٹوریٹ کا عملہ ٹیسٹنگ سسٹم کا، اور اگر ضروری ہوا تو ٹیسٹ کے نتیجے کا، جائزہ لے گا۔

## 3۔ ہم ذاتی تفصیلات کہاں سے حاصل کرتے ہیں؟

ہمیں آپ کے متعلق ذاتی تفصیلات آپ سے بھی اور دوسرے سرکاری حکام سے بھی ملتی ہیں۔ ان سرکاری حکام کی مثالیں یہ ہیں:

- انٹیگریشن اور معاشرتی تنوع کی ڈائریکٹوریٹ Integrerings- og mangfoldsdirektoratet (IMDi)
- بلدیات/ٹیسٹنگ کے مراکز
- کاؤنٹی گورنر (Statsforvalteren) (شکایت پر اعلی ترین سطح پر کارروائی کی صورت میں)
- ڈائریکٹوریٹ آف امیگریشن (UDI)
- روزگار اور معاشرتی شمولیت کا ڈیپارٹمنٹ (Arbeids- og inkluderingsdepartementet)
- نارویجن باشندوں کا رجسٹر (Folkeregisteret)

## 4۔ ہم آپ کے متعلق کونسی ذاتی تفصیلات پر کارروائی کرتے ہیں؟

ہم آپ کے متعلق یہ ذاتی تفصیلات اکٹھی کرتے ہیں اور ان پر کارروائی کرتے ہیں:

- نام
- پتہ
- فون نمبر
- ای میل
- تاریخ پیدائش
- تاریخ پیدائش اور نارویجن شناختی نمبر
- DUF نمبر
- D نمبر

- پاسپورٹ نمبر
- امیدوار نمبر
- صنف
- ٹیسٹ کے جوابات
- ٹیسٹ کا نتیجہ
- ٹیسٹ کی قسم
- ٹیسٹ دینے کا وقت
- نارویجن زبان کی صورت/ ٹیسٹ کی زبان*
- ٹیسٹ کا مرکز
- شکایت
- نتیجہ تمام نتائج کے وسط سے کس قدر ہٹ کر ہے
- نقل/بے ایمانی

ہم 15 فروری 2022 سے پہلے ان تفصیلات کے ساتھ رجسٹر کیے جانے والے امیدواروں کی مندرجہ ذیل ذاتی تفصیلات پر بھی کارروائی کرتے ہیں:

- اصل وطن*
- مادری زبان*

*ان قسموں کی ذاتی تفصیلات کو یہاں حسّاس تفصیلات شمار کیا جاتا ہے۔

## 5۔ دوسروں کو ذاتی تفصیلات دینا

اعلیٰ تعلیم اور قابلیت کی ڈائریکٹوریٹ آپ کے متعلق ذاتی تفصیلات دوسروں کو نہیں دیتی سوائے اس کے کہ قانون یہ تفصیلات دینے کا جواز مہیا کرتا ہو۔ ایسے جواز کی مثال یہ ہو گی کہ کسی قانون کی رو سے ہم معلومات فراہم کرنے کے پابند ہوں۔

نارویجن شناختی نمبر رکھنے والوں کے ٹیسٹ کا نتیجہ اور متعلقہ ذاتی تفصیلات **Vitnemålsportalen** پر مہیا کر دی جائیں گی۔

اعلیٰ تعلیم اور قابلیت کی ڈائریکٹوریٹ جن اداروں کو قانونی جواز کے تحت آپ کی ذاتی تفصیلات دے سکتی ہے، ان کی مثالیں یہ ہیں:

- انٹیگریشن اور معاشرتی تنوع کی ڈائریکٹوریٹ Integrerings- og mangfoldsdirektoratet (IMDi)
- بلدیات/ٹیسٹنگ کے مراکز
- کاؤنٹی گورنر (Statsforvalteren) ( شکایت پر اعلیٰ ترین سطح پر کارروائی کی صورت میں

- نارویجن بیورو آف سٹیٹسٹکس
- ڈائریکٹوریٹ آف امیگریشن (UDI)
- روزگار اور معاشرتی شمولیت کی وزارت (Arbeids- og inkluderingsdepartementet)
- اعلی تعلیم کے ادارے
- تعلیم و تحقیق کے اداروں کے لیے سروس پرووائیڈر Sikt

اعلی' تعلیم اور قابلیت کی ڈائریکٹوریٹ ڈاٹا پراسیسنگ کرنے والی خدمات کو استعمال کرتی ہے جو ہمارے لیے ذاتی تفصیلات اکٹھی کرتی ہیں، محفوظ کرتی ہیں یا دیگر طور پر ان کا کام کرتی ہیں۔ اس انتظام کے لیے ہم نے ایسے معاہدے کر رکھے ہیں کہ کارروائی کے تمام مراحل میں معلومات کا محفوظ رہنا یقینی ہو۔ اس وقت ہم مندرجہ ذیل ڈاٹا پراسیسنگ سروس کو استعمال کر رہے ہیں:

- Enovate AS

ہم ذاتی تفصیلات پر تمام کارروائی یورپیئن یونین/یورپیئن اکنامک ایریا کے اندر کرتے ہیں۔

# 6۔ تفصیلات کو محفوظ رکھنے کا عرصہ

ہم آپ کی ذاتی تفصیلات کو اتنا عرصہ اپنے پاس محفوظ رکھتے ہیں جتنا عرصہ انٹیگریشن ایکٹ سیکشن 41 پیراگراف اوّل کے مقاصد سے انہیں رکھنا ضروری ہو۔ انٹیگریشن ریگولیشنز سیکشن 60 پیراگراف پنجم کے مطابق ٹیسٹ دینے والے افراد کی ذاتی تفصیلات کو ٹیسٹ دینے کے وقت کے بعد سے 20 سال تک محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔ لہذا ہم آپ کی ذاتی تفصیلات کو 20 سال تک محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ اس عرصے کے بعد آپ کی ذاتی تفصیلات کو تلف کر دیا جائے گا۔

مندرجہ ذیل تفصیلات کو اس سے کم عرصے کے لیے محفوظ رکھا جاتا ہے:

- پتہ 2 سال محفوظ رکھا جاتا ہے
- C1 سطح پر ٹیسٹ میں پڑھنے کی سمجھ اور زبانی بات چیت کے حصے کی آڈیو ریکارڈنگ کو 1 سال تک محفوظ رکھا جاتا ہے
- فیس کی ادائیگی کی تفصیلات کو 3 سال تک محفوظ رکھا جاتا ہے
- نقل/بے ایمانی کے وقتی اور حتمی ریکارڈ کو 3 سال تک محفوظ رکھا جاتا ہے

# 7۔ جب ہم آپ کے متعلق ذاتی تفصیلات پر کارروائی کرتے ہیں تو آپ کو کونسے حقوق حاصل ہوتے ہیں

ہم آپ کے متعلق جن ذاتی تفصیلات پر کارروائی کرتے ہیں، آپ کو وہ تفصیلات دیکھنے اور/یا ان میں درستگی کروانے کا حق حاصل ہے۔ بعض حالات میں آپ کو یہ تقاضا کرنے کا حق حاصل ہے کہ کارروائی کو محدود رکھا

جائے اور آپ کارروائی کے خلاف اپنا اعتراض پیش کر سکتے ہیں۔ آپ [نارویجن ڈاٹا پروٹیکشن اتھارٹی کی ویب سائیٹ] پر ان حقوق کے متعلق مزید پڑھ سکتے ہیں۔

اپنے حقوق استعمال کرنے کے لیے آپ کو ہمیں **proveadministrasjon@hkdir.no** پر ای میل بھیجنی ہو گی۔ جتنا جلد ممکن ہوا، اور زیادہ سے زیادہ 30 دنوں کے اندر، ہم آپ کو جواب دیں گے۔

ممکن ہے آپ کے رابطے کا جواب دینے سے پہلے ہم آپ سے اپنی شناخت کی تصدیق کرنے یا ہمیں مزید معلومات دینے کی درخواست کریں۔ اس سے ہمارا مقصد یہ اطمینان کرنا ہے کہ ہم آپ کی ذاتی تفصیلات آپ کے علاوہ کسی اور کو نہیں دے رہے ہیں اور ہم کسی ایسے شخص کو آپ کی ذاتی تفصیلات نہیں دے رہے ہیں جو دھوکے سے آپ کی جگہ لے کر ہم سے رابطہ کر رہا ہو۔

## 8۔ ڈاٹا پروٹیکشن آفیسر

اعلی' تعلیم اور قابلیت کی ڈائریکٹوریٹ میں ایک ڈاٹا پروٹیکشن آفیسر موجود ہے۔ ہمارے ڈاٹا پروٹیکشن آفیسر کا نام **Torgeir Hovden** ہے اور ان سے اس ای میل ایڈریس پر رابطہ کیا جا سکتا ہے: personvernombud@hkdir.no

## 9۔ شکایات

اگر آپ کے خیال میں آپ کی ذاتی تفصیلات پر کارروائی اس طرح نہیں ہوئی جس طرح ہم نے یہاں بیان کیا ہے یا آپ کے خیال میں ہم نے دوسرے طریقوں سے پرائیویسی کے قوانین کی خلاف ورزی کی ہے تو آپ نارویجن ڈاٹا پروٹیکشن اتھارٹی (Datatilsynet) سے شکایت کر سکتے ہیں۔

آپ کو [ڈاٹا پروٹیکشن اتھارٹی کی ویب سائیٹ] پر یہ معلومات مل جائیں گی کہ آپ ڈاٹا پروٹیکشن اتھارٹی سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں۔

## 10۔ تبدیلیاں

اگر ہماری خدمات یا ذاتی تفصیلات پر کارروائی سے تعلق رکھنے والے قوانین میں کوئی تبدیلیاں آئیں تو اس کے نتیجے میں آپ کو ملنے والی ان معلومات میں تبدیلی آ سکتی ہے۔ تبدیلیوں کے بعد یہ پرائیویسی سٹیٹمنٹ ہماری ویب سائیٹ پر دستیاب رہے گی۔

## 11۔ رابطے کے لیے تفصیلات

اعلی' تعلیم اور قابلیت کی ڈائریکٹوریٹ کی رابطہ تفصیلات یہ ہیں:

پتہ: Fortunen 1, 5013 Bergen
ای میل: **post@hkdir.no**
فون: 55 30 38 00
آرگنائزیشن نمبر: 974788985

اگر اپنی ذاتی تفصیلات پر ہماری کارروائی کے متعلق آپ کا کوئی سوال ہو تو آپ
proveadministrasjon@hkdir.no پر ای میل بھیج سکتے ہیں۔